

والدین کی حیثیت سے، آپ ہمیشہ اپنے بچے کو اولین ترجیح دیتے ہیں۔ آپ انہیں کامیاب مستقبل کی راہ پر گامزین ہونے کیلئے بہترین فراہم کرنا چاہتے ہیں۔ اس مقصد کے حصول کے لیے آپ ایک ایسا مالیاتی پیکج تشکیل دینے کا منصوبہ بناتے ہیں آپ کو اپنے بچے کی تعلیم اور شادی کے لئے ایک منظّم اور نظم وضبط طریقے سے مقررہ مدت میں آپ کی ضروریات اور مطلوبات میں آسانی فراہم کر۔

ای ایف یو بہترکل چائلڈ ایجوکیشن اینڈ میرج پلان بیمہ انویسٹمنٹ لنکڈ ہے جو کہ تحفظ کا ایک ضمانت شدہ درجہ اور آپ کی ضروریات کے مطابق فوائد وضع کرنے کے لچکدار اختیارات فراہم کرتا ہے۔ اس پلان میں کنٹینویشن فائدے کا فیچر بھی شامل ہے جو یہ ضمانت دیتا ہے کہ اگر پالیسی کی مدت کے دوران اگر بیمہ دار کی ناگہانی وفات ہوجائے تب بھی پلان کے پریمیئم کی ادائیگی جاری رہے گی۔

## پروڈکٹ کا اظہار:

**اس زندگی کے بیمہ کی دو نمایاں خصوصیات یہ ہیں: انشورنس کا تحفظ اور سرمایہ کاری۔ سرمایہ کاری منسلک ہے یونٹ لنکڈ فنڈ (فنڈز) میں موجود اثاثہ جات کی کارکردگی سے**

## غور وفکر کا دورانیہ (فری لک پریڈ):

**اگر آپ لکھی ہوئی پالیسی دستاویزات کی وصولی کے 14 دن کے اندر اپنی رکنیت منسوخ کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو آپ ای ایف یو لائف کے طبی/کلینیکل معائنہ جات کے سلسلے میں اٹھنے والے اخراجات منہاء کرکے، پریمیم کی مکمل ادائیگی کی واپسی کے اہل ہونگے۔**

## نشوونما کے لئے مواقع:

اس پلان میں ادا کیا جانے والا ہر پریمیئم ای ایف یو لائف کے منتخب کردہ کسی ایک یا دو سرمایہ کاری فنڈ میں لگایا جائے گا- یہ مکمل طور پر آپ کا فیصلہ ہوگا کہ اپنے سرمایہ کاری کے مقاصد کی بنیاد پر فنڈ کا انتخاب کرے۔
آپ درج ذیل یونٹ فنڈز میں سے انتخاب کرسکتے ہیں:
تمام فنڈز کی رسک پروفائیلنگ ان میں کی جانے والی سرمایا کاری کے تحت کی گی ہے

**ای ایف یو مینجڈ گروتھ فنڈ:**
فنڈ کی قسم: بیلنسڈ
رسک پروفائل: درمیانی

ایک متوازن سرمایہ کاری کی حکمت عملی پر مشتمل سرمایہ کاری فنڈ۔ اسکا مقصد، سرمایہ کاری سیکیورٹیز محتاط طور پر منتخب کی گئی بلو چپ ایکویٹیز اور دیگر مقررہ آمدنی کے ذرائع اور نقد سرمایہ کاری کے ذریعے، سرمایہ کاری کی مناسب نشوونما اور مستحکم منافع جات حاصل کرنا ہے۔

**ای ایف یو گارنٹیڈ گروتھ فنڈ*:**
فنڈ کی قسم: منی مارکٹ فنڈ
رسک پروفائل: کم

مستحکم منافع جات فراہم کرنے والا سرمایہ کاری فنڈ اس ضمانت کے ساتھ کہ فنڈ کی بولی قیمت (بِڈ پرائس) نیچے نہیں آئے گی۔ اسکا مقصد قلیل المدت ڈیٹ سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری کے ذریعے مستحکم نشوونما حاصل کرنا ہے۔

**ای ایف یو ایگریسو فنڈ:**
فنڈ کی قسم: ایگریسو
رسک پروفائل: زیادہ

ایک سرمایہ کاری فنڈ جس کا مقصد ایکوٹیز میں سرمایہ کاری کرکے تیزی سے آمدنی حاصل کرنا ہے۔ اس کا مقصد سرمایہ کاری کے ساتھ مارکیٹ کو مدنظر رکھتے ہوئے سرمائے کی نشوونما کو بڑھانا ہے۔

### ای ایف یو انکم گروتھ فنڈ:
**فنڈ کی قسم: انکم فنڈ**
**رسک پروفائل: کم**

ایک سرمایا کاری فنڈ جس کا مقصد سیکیوریٹیز میں سرمایا کاری کرکے مستحکم میں بڑھوتری حاصل کرنا ہے۔ اس کا ہدف حکومتی مالیاتی اداروں اور قرضہ دینے والی اعلی معیاری مالیاتی اداروں میں سرمایہ کاری کے ذریعے سرمائے کی مستحکم نشونما ہے۔

**متعدد فنڈز کی سہولت (ملٹپل فنڈز آپشن):** اس سہولت کے تحت، آپ پلان کے یونٹ سے منسلک دو فنڈز کے مرکب کا انتخاب کرسکتے ہیں۔ فنڈ کو 10 فیصد کے ملٹی پل کے تحت منتخب کیا جاسکتا ہے۔ اسکا مطلب ہے کہ فنڈز کو 10 / 90، 20 / 80، 30 / 70، 40 / 60 یا 50 / 50 میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔

*ای ایف یو گارنٹیڈ گروتھ فنڈ خودکار طور پر منتخب کیا جائے گا

## فوائد:

**کنٹینیوشن بینیفٹ:**

پلان کی اختتامی مدت سے قبل بیمہ دار (پالیسی ہولڈر) کی وفات کی صورت میں یہ پلان اپنے کنٹینیوشن بینیفٹ کے ذریعے آپ کے بچے کے مستقبل کو محفوظ بناتا ہے۔ یہ پلان خودکار طور (بلٹ ان) پر موجود ہے جو اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ بیمہ دار (پالیسی ہولڈر) کی وفات کے بعد پلان کی میچورٹی کی تاریخ تک مستقبل کے تمام پریمیئمز ای ایف یو لائف ادا کرے گی۔ اس کے معنی یہ کہ وہ فنڈز جن کیلئے آپ نے اصلاً منصوبہ بندی کی تھی، آپ کی اولاد کیلئے پھر بھی دستیاب ہونگے۔

**میچورٹی بینیفٹ:** پالیسی کی تکمیل پر حاصل فائدہ پلان کے باقاعدہ پریمیئم کی نقد مالیت (کیش ویلیو) کے ساتھ ساتھ، اضافی اختیاری پریمیم (فنڈ ایکسلریشن پریمیئم) اگر کوئی ہو تو ان کی نقد مالیت (کیش ویلیو) بیمہ دار (پالیسی ہولڈر) کو ادا کی جائیں گی۔

## ضمنی فوائد:

**ایکسیڈنٹل ڈیتھ اینڈ ڈس ایبلیٹی پلس بینیفٹ:** بیمہ دار کی حادثاتی وفات یا معذوری کی صورت میں، یہ ضمنی فائدہ (رائڈر) ایک اضافی یکمشت فائدہ فراہم کرتا ہے۔

**ایڈیشنل ٹرم اشورنس:** بیمہ دار (پالیسی ہولڈر) کی وفات کی صورت میں یہ ضمنی فائدہ رائڈر بنیادی پلان کے زرِ بیمہ کا 50 فیصد سے 200 فیصد تک ایک اضافی رقم مہیا کرکے زندگی کے تحفظ کے درجے کو بڑھاتا ہے۔

**انکم بینیفٹ:** اس ضمنی فائدے (رائڈر) کی مدت کے دوران, بیمہ دار/ پالیسی ہولڈر کی ناگہانی وفات کی صورت میں، یہ اضافی فائدہ آپ کے پسماندگان کو ایک بہترین معیار زندگی برقرار رکھنے کیلئے سہ ماہی بنیاد پر ایک اضافی فائدہ مہیا کرے گا۔

**ریٹرن اف پریمیئم بینیفٹ:**

پریمیئم کی واپسی کا رائڈر ایک منفرد فائدہ ہے جو ای ایف یو لائف کے متوقع صارفین کو پیش کیا جارہا ہے۔ یہ رائڈر آپ کو ایک اضافی فائدہ فراہم کرکے آپ کے تحفظ کو بڑھاتا ہے۔ بیمہ دار کی ناگہانی وفات کی صورت میں، بینیفشری کو نہ صرف وفات فائدہ حاصل ہوگا بلکہ پریمیئم کی واپسی کے رائڈر کے لئے ادا کئے گئے پریمیئم کو نکال کر ادا شدہ پریمیئم کی کُل رقم حاصل کرسکے گا۔

**ویور آف پریمیئم:** اگر بیمہ دار (پالیسی ہولڈر) کسی بیماری یا حادثے کے باعث کوئی پیشہ اختیار کرنے سے قاصر ہو تو پریمیئم کی رقم ای ایف یو لائف ادا کرے گا۔

## یونٹ ایلوکیشن:

بنیادی پلان میں مختص کئے جانے یونٹس کا تناسب جو سرمایہ کاری کے لئے مقرر کیا گیا ہے، درج ذیل ٹیبل میں ہے:

| پالیسی سال | یونٹ ایلوکیشن | ایلوکیشن کی چارجز* |
| --- | --- | --- |
| 1 | 60فیصد | 40 فیصد |
| 2 | 80فیصد | 20 فیصد |
| 3 | 90فیصد | 10فیصد |
| 4 سے 5 | 100فیصد | 0 فیصد |
| 6سے 10 | 103فیصد | 0 فیصد |
| 11اوراس سے آگے | 105فیصد | 0 فیصد |

*اوپر درج ٹیبل کے مطابق ہر سال ادا کئے گئے پریمیئم میں سے تخصیص کی فیس منہاء کی جائے گی اور بقایا رقم اکاؤنٹ ویلیو کو مختص کی جائے گی



# ای ایف یو بہتر کل
# چائلڈ ایجوکیشن اینڈ میرج پلان

## آپ کا بچہ
## آپ کی ترجیح

efu LIFE

| چارجز | ریٹ/ پاکستان روپے میں |
|---|---|
| انتظامی اخراجات (ایڈمنسٹریشن چارج) | 100روپے ماہانہ |
| بِڈ/آفر (بولی/ پیشکش) سپریڈ | مختص شدہ بنیادی اور اضافی فنڈ پریمیئم کا5 فیصد |
| سرمایہ کاری انتظامات اخراجات (انویسمنٹ منیجمنٹ چارج) | فنڈ قدر کا 0.125 فیصد ماہانہ |
| مورٹیلیٹی چارج (بیمہ کی مالیت) | ہر سال عمر پر مشتمل بیمہ حیات کے خطرے کے امکان کو مدنظر رکھتے ہوئے، مورٹیلٹی چارج لاگو ہوتا ہے جو سم ایٹ رسک کے تحت حاصل کیا جاتا ہے۔ البتہ جب کیش ویلیو سم کور سے بڑھ جائے تو مورٹیلی کی مد میں کوئی رقم منہا نہیں کی جائے گی |
| فنڈ تبدیل کرنے کی فیس | 500روپے |
| دستبرداری عمل درآمد فیس | 500روپے |
| دستبرداری اخراجات | 100 فیصد دو مکمل سالوں کے پریمیم کی ادائیگی سے قبل |
| تخصیص کی فیس | اوپر دی گئی یونٹ کی تخصیص کی ٹیبل |

## انتباہ:

- یہ پروڈکٹ ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ کی طرف سے بیمہ کی گئی ہے۔ حبیب میٹروپولیٹن بینک یا اس سے وابستہ کسی بھی ادارے نے نہ ہی اس کی ضمانت دی ہے ہر نہ ہی بیمہ کی ہے اور یہ حبیب میٹروپولیٹن بینک کی پروڈکٹ نہیں ہے۔
- حبیب میٹروپولیٹن بینک اپنے معزز صارفین کے لئے اس پروڈکٹ کے لئے صرف ایک کارپوریٹ انشورنس ایجنٹ/تقسیم کار کی حیثیت کام کر رہا ہے اور کسی بھی طرح کسی بھی فرد کو، بشمول لیکن انہیں تک محدود نہیں بیمہ دار صارف (صارفین)، بینیفشری (بینیفشریز) یا کسی تیسرے فریق کو ذمہ دار نہیں ہوگا۔
- آپ کے پریمیئمز کی قدر میں نشونما کا انحصار منتخب شدہ فنڈز کی کارکردگی پر ہوگا جس میں کہ پریمیئمز کی سرمایہ کاری کی جاتی ہے۔
- منتخب شدہ فنڈز میں کی جانے والی تمام سرمایہ کاریاں مارکیٹ کے خطرات سے مشروط ہیں۔ منتخب شدہ فنڈ میں سرمایہ کاری کا خطرہ پالیسی ہولڈر برداشت کرے گا۔
- ضروری نہیں کہ فنڈ کی ماضی کی کارکردگی مستقبل کی کارکردگی کے لئے رہنمائی کا باعث ہو۔ کسی قسم کی پیشگی اندازہ ضروری نہیں کہ مستقبل کی ترجمانی کرے یا فنڈز کی ممکنہ کارکردگی کو بیان کرے اور نہ ہی ای ایف یو لائف اور نہ ہی حبیب میٹروپولیٹن بینک کسی بھی طرح ذمہ دار ہوگے۔
- ہمارا سیلز کا نمائندہ آپ کو فوائد کی شخصی مثال پیش کرے گا۔ برائے مہربانی دیگر شرائط وضوابط کو تفصیلاً سمجھنے کیلئے مثال میں بیان کی گئی باتوں کو بغور پڑھیں
- سروس اخراجات اور دیگر ٹیکسیز بینک کے شیڈول آف چارجز اور متعلقہ حکم سے مشروط ٹیکس قوانین کے مطابق ہونگے
- یہ معاہدہ کس طرح کام کرتا ہے اسے پالیسی کے قواعد وشرائط میں بیان کیا گیا ہے۔ یہ پروڈکٹ کی خصوصیت اور فوائد کا صرف ایک عمومی جائزہ پیش کرتا ہے اور اس میں دیئے گئے اعداد وشمار ظاہری ہیں اور بطور مثال پیش کئے گئے ہیں۔
- اگر آپ کو اپنی پالیسی سے متعلق کوئی شکایت ہو تو آپ کسی بھی حبیب میٹرو بینک کی برانچ میں جاسکتے ہیں یا آپ ای ایف یو لائف ایشورنس 111-EFU-111(021) (111-338-111) پر رابطہ کرسکتے ہیں۔


### ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ
ای ایف یو لائف ہاؤس، پلاٹ نمبر 112، 8ویں ایسٹ اسٹریٹ،
فیز 1، ڈیفنس ہاؤسنگ سوسائٹی، کراچی، پاکستان
فون: 111-EFU-111(021) (111-338-111)،
فیکس: 34535079(021)

### حبیب میٹرو بینک
اسپنسر بلڈنگ، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی، پاکستان
یواے این: (42242) HABIB-1-111
ویب سائٹ: www.habibmetro.com


## اضافی اختیاری پریمیم (فنڈ ایکسلریشن پریمیئم):

اگر آپ کے پاس پلان کی مدت کے دوران کسی بھی وقت اضافی نقد رقم موجود ہو تو اپنی نقد مالیت (کیش ویلیو) کو بڑھانے کے لئے آپ اس کو پلان میں سرمایہ کاری کے لئے استعمال کر سکتے ہیں۔ ان اضافی ادائیگیوں کو اضافی اختیاری پریمیم کہتے ہیں۔ آپ یہ ادائیگیاں پالیسی کے نافذ العمل ہوتے ہوئے کسی بھی وقت کرسکتے ہیں۔

کم ازکم اضافی اختیاری پریمیم 20,000 روپے فی ادائیگی ہے۔

اضافی اختیاری پریمیم میں ادائیگیوں کا 100 فیصد منتخب شدہ فنڈ میں یونٹس کی خریداری کے لئے مختص کیا جاتا ہے۔

## مکمل اور جزوی دستبرداری:

دوسرے سال کا پریمیئم ادا کرنے کے اور پالیسی کے دہ سال (24 مہینے) پورے ہونے کے بعد آپ اپنے پلان سے دستبردار ہوسکتے ہیں۔ دستبرداری کے وقت، آپ کو آپ کے فنڈ کی کل نقد قدر اُدا کی جائے گی۔ البتہ، شروع کے پالیسی سالوں میں دستبرداری کم تر کیش ویلیو کا نتیجہ ثابت ہوسکتی ہے۔ جزوی دستبرداری کی سہولت بھی موجود ہے بشرطیکہ فنڈ میں 20,000 کی نقد مالیت موجود رہے۔ اگر بیمہ دار پلان سے مکمل دستبرداری حاصل کرتا ہے تو تمام یونٹس کے مساوی نقد ادائیگی کرکے پلان کو منسوخ کردیا جائے گا۔

## افراطِ زر (انڈیکسیشن):

یہ انتخاب آپ کو ذہنی سکون اور تحفظ مہیا کرتا ہے کہ پلان میں دئے گئے فوائد سالانہ افراطِ زر کے مطابق خود بڑھ جائیں گے۔ اس اختیار کے تحت آپ کا پریمیئم پچھلے سال کے پریمیئم سے 5 فیصد بڑھیگا 55 سال کی عمر تک بشرطیکہ پالیسی کی ابتدا میں معیاری شرائط منظور کی گئی ہوں۔

## دعوٰی (کلیم):

کسی بھی ناگہانی کی صورت میں، آپ اپنے دعوے کلیم کی اطلاع حبیب میٹروپولیٹن بینک کی کسی بھی شاخ میں جا کر، ای ایف یو ہیڈ آفس آ کر یا ملک میں ای ایف یو کی کسی بھی شاخ میں جا کر دے سکتے ہیں۔ فوری عمل درآمد کے لئے آپ ہمارے کال سینٹر 111-338-111-021 پر رابطہ کرسکتے ہیں یا ہماری ویب سائٹ پر موجود اطلاع فارم بھریئے اور ہمیں cod@efulife.com پر ای میل کردیجئے۔ بعدازاں، اگلے مراحل سے آگاہ کرنے کے لئے آپ سے رابطہ کیا جائے گا۔

## عمومی طور پوچھے جانے والے سوالات:

**کون درخواست کرسکتا ہے اور پلان کی حدود کیا ہیں؟**

تحفظ کی کم ازکم مدت 10 سال اور زیادہ سے زیادہ 25 سال ہے جو میچورٹی پر زیادہ سے زیادہ 75 سال کی عمر سے مشروط ہے۔ یہ پلان تمام افراد کے لئے دستیاب ہے جن کی عمر اگلی سالگرہ پر 18 سے 65 کے درمیان ہو۔

**کم ازکم پریمیئم کی ضروریات کیا ہیں؟**

لئے کم ازکم سالانہ بنیادی پلان کا پریمیئم 20,000 روپے سالانہ ہے۔

**اخراجات (چارجز) کیا ہیں؟**